# الیکشن ڈیوٹی کرنے والے اساتذہ کرام کے لیے معلومات Post-7

ووٹ کی اقسام۔ 1۔ٹینڈر ووٹ : اگر کوئی شخص ووٹ ڈالنے آئے اور اس کے انگوٹھے پہ انمنٹ سیاہی کا نشان نہ ہو مگر انتخابی فہرست میں سے اس کا نام پہلے سے کٹا ہوا ہو تو پریذائیڈنگ افسر صاحب اسکو ووٹ ڈالنے کی اجازت دے گا۔اس شخص سے شناختی کارڈ کی کاپی لیں۔اگر وہ شخص اپنے ثبوت میں کوئی دستاویزات پیش کرنا چاہتا ہے تو وہ بھی لے لیں۔بیلٹ پیپرز جاری کر دیں اور اسکو اندر ووٹر سکرین میں بھیج دیں۔جب وہ شخص اپنی پسندیدہ شخص کے نشان پہ مہر لگا کر واپس آجائے تو اسے وہ بیلٹ پیپرز بیلٹ باکس میں نہ ڈالنے دیں۔بلکہ اسکے بلیٹ پیپرز کو پیکٹ نمبر 4 (ٹینڈر بیلٹ پیپرز) میں ڈال کر اپنے پاس محفوظ کر لیں اور اس شخص کو ابھی جانیں مت دیں۔اب آپ فارم نمبر 43 پر کریں۔اس میں تمام اس شخص کے متعلقہ معلومات لکھیں جو ووٹ ڈالنے آیا ہے۔اب اسی شخص سے دستخط اور انگوٹھے کا نشان فارم پہ لگوا لیں اور اس شخص کو جانے دیں۔اسی فارم پہ کاؤنٹر فائل کی مدد سے اس شخص کی معلومات بھی لکھیں جو پہلے ووٹ ڈال چکا ہے۔اب 43 فارم،شناختی کارڈ اور دوسری دستاویزات کو پیکٹ نمبر 14 میں ڈالیں اور اسے بھی ریٹرننگ آفیسر صاحب کے پاس جمع کرانا ہے۔اگر پریذائیڈنگ افسر صاحب کو ٹینڈر ووٹ ڈالنے والے ووٹر پہ شک ہو تو وہ اس شخص کو تلبیس شخصی (Personation) کی متعلقہ دفعہ کے تحت کارروائی کر سکتا ہے۔یہ ووٹ الگ سے شمار کئے جائیں گے اور درست ٹینڈرز ووٹ کو پیکٹ نمبر 5 اور گنتی سے خارج شدہ ٹینڈرز ووٹ کو پیکٹ نمبر 6 میں ڈالا جائیگا۔

2۔عام ووٹ: عام ووٹ پہ کسی کو کوئی اعتراض نہیں ہوتا۔ٹینڈرز ووٹ،چیلنجڈ ووٹ وغیرہ کے علاوہ جو ووٹ ہوتے ہیں۔وہ عام ووٹ کہلاتے ہیں۔پوسٹ نمبر 8 چیلنجڈ ووٹ اور ضائع شدہ ووٹ کے بارے میں کی جائیگی۔محمد رمضان چھینہ منکیرہ ضلع بھکر


# Post-6 الیکشن ڈیوٹی کرنے والے اساتذہ کرام کے لیے معلومات

انتخاب کا عمل شروع ہوتے ہی پولنگ افسر صاحب بندہ سے اصل شناختی کارڈ لے گا اور پھر انتخابی فہرست میں سے سلسلہ نمبر، نام، والد / شوہر کا نام، شناختی کارڈ نمبر اور اسکی تصویر کو چیک کرے گا اور اس کے بعد ووٹر کا سلسلہ نمبر اور نام بلند آواز سے پکارے گا۔ پھر ووٹر کے دایاں انگوٹھے پہ سیاہی کا نشان دیکھے۔ اگر سیاہی کا نشان نہیں لگا ہوا تو دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کی جلد اور ناخن کے جوڑ پہ انمٹ سیاہی کا نشان دیے گئے مارکر سے لگائے گا اور روشنائی سوکھنے کے لیے چند سیکنڈ کا انتظار کرے گا۔ اگر کسی آدمی کا دایاں انگوٹھا نہیں ہے تو اس کے ساتھ والی انگلی پر سیاہی کا نشان لگائیں۔ انگوٹھے پہ سیاہی کس طرح لگانی ہے۔ اس کا نمونہ نیچے تصویر میں دیا جا رہا ہے۔ **محمد رمضان چھینہ**



انتخابی فہرست میں سے ووٹر کی تصویر سے اگلے والے کالم میں مرد کا بایاں اور عورت کا دایاں انگوٹھا لگوانا۔

اس کے بعد بال پوائنٹ اور پیمانہ ہاتھ میں لیکر ووٹر کے سلسلہ نمبر سے لیکر پتہ تک سیدھی لکیر سے نام کاٹ دیں اور بندہ کو آگے اسسٹنٹ پریذائیڈنگ کے پاس بھیج دیں۔ انتخابی فہرست سے ووٹر کا نام کیسے کاٹنا ہے نمونہ تصویر میں دیکھیں۔

| سلسلہ نمبر | گھرانہ نمبر | نام | والد / شوہر کا نام | قومی شناختی کارڈ نمبر | عمر (سال) | پتہ | ووٹر کی تصویر | ووٹر کے انگوٹھے کا نشان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 214 | 57 | مشتاق | غلام شبیر | 38101-1234567-8 | 25 | محلہ چھینانوالہ منگیرہ |  |  |

# الیکشن ڈیوٹی کرنے والے اساتذہ کرام کے لیے معلومات Post-5


**پولنگ آفیسرز کی ڈیوٹی:-** پولنگ آفیسر صاحب اپنے پریذائیڈنگ افسر صاحب سے حتمی انتخابی فہرست، بال پوائنٹ، پیمانہ، سٹیمپ پیڈ اور بیج حاصل کرے گا۔ مرد پولنگ افسر ہے تو مردانہ فہرست لے گا اگر عورت پولنگ افسر ہے تو زنانہ فہرست لے گی۔ خیال رکھا جائے کہ مردانہ اور زنانہ فہرستیں الگ کرتے وقت ان فہرستوں کو درمیان میں سے نہ پھاڑا جائے۔ انتخابی عمل شروع ہوتے ہی ووٹر کا اصل شناختی کارڈ لینا ہے چاہے اسکی تاریخ ایکسپری ہو وہ ووٹ دینے کا حقدار ہے۔ اس کے علاوہ اگر اسکے پاس شناختی کارڈ کی کاپی (رنگین، بلیک اینڈ وائیٹ) ہے، ڈرائیونگ لائسنس پاسپورٹ، سروس کارڈ وغیرہ ہے تو وہ ووٹ ڈالنے کا حقدار نہیں ہے۔ شناختی کارڈ چیک کرتے وقت ووٹر کا نام، والد / شوہر کا نام، قومی شناختی کارڈ نمبر اور ووٹر کی تصویر دیکھنی ہے۔ انتخابی فہرست ایسے ہو گی۔

حتمی انتخابی فہرست (مرد)

محمد رمضان چھینہ

انتخابی علاقے کا نام ___منکیرہ___ ضلع / دیہہ / شہر ___منکیرہ___ پٹوار حلقہ / تپے دار حلقہ کا نام ___منکیرہ___

تحصیل ___منکیرہ___ ضلع ___بھکر___ یونین کونسل ___ایم سی منکیرہ___

| سلسلہ نمبر | گھرانہ نمبر | نام | والد / شوہر کا نام | قومی شناختی کارڈ نمبر | عمر (سال) | پتہ | ووٹر کی تصویر | ووٹر کے انگوٹھے کا نشان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 214 | 57 | محمد رمضان | غلام شبیر | 38104-1234567-8 | 25 | محلہ چھینانوالہ منکیرہ |  |  |

# Post-4 الیکشن ڈیوٹی کرنے والے اساتذہ کرام کے لیے معلومات

PP-91 MANKERA-III (AP0's) کاونٹر فائل کو پر کرنا (اسسٹنٹ پریذائیڈنگ آفیسرز)

NTS SSE.SESE.ESE TEACHERS INFO & HELP DESK

Serial No 12345687456

Bhakkar Educator

رائے دہندہ کا قومی شناختی کارڈ نمبر (یہ انتخابی فہرست کے کالم نمبر 5 پر ہوتا ہے)

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 3 | 8 | 1 | 0 | 4 | - | 0 | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | - | 7 |

انتخابی فہرست میں نمبر شمار رائے دہندہ——————— ( انتخابی فہرست میں ووٹر کا سیریل نمبر کالم نمبر 1 میں ہوتا ہے) (محمد رمضان چھینہ منکیرہ ضلع بھکر)

انتخابی فہرست کا حصہ——————(مرد/خواتین) ( انتخابی فہرست میں سب سے اوپر لکھا ہوتا ہے)

نام الیکٹورل ایریا——————— ( یہ بھی انتخابی فہرست کے بالائی حصے میں لکھا ہوتا ہے)

نشان انگوٹھا رائے دہندہ——————— (مرد کا بایاں اور عورت کا دایاں انگوٹھا لگوائیں)

پریذائیڈنگ آفیسرز———————————

203299

Back Side Also


Sign & Stampt

Sign & Stampt

203299

# الیکشن ڈیوٹی کرنے والے اساتذہ کرام کے لیے معلومات Post-3

پریذائیڈنگ آفیسرز صاحبان نے مشترکہ پولنگ اسٹیشن ہونے کی صورت میں مرد اور خواتین کے باکس میں ڈالے گئے ووٹ کی الگ الگ گنتی کرنی ہے اور فارم 45 کے متعلقہ کالم میں انکو درج کرنا ہے۔ فارم 45 کے بارے میں الگ پوسٹ کی جائیگی۔ گنتی کا گوشوارہ فارم 45 مکمل کرنے کے بعد اسکی تصویر ریٹرننگ آفیسر صاحب کو RTS موبائل کے ذریعے بھیجنا ہے اور یاد رکھیں فارم نمبر 45 اور 46 جو کہ بیلٹ پیپرز کی گنتی کا گوشوارہ ہے۔ ان دونوں فارم کو جلد پہنچانا ہے۔ فارم نمبر 45,46 کی کاپی بھی پولنگ اسٹیشن کے باہر گیٹ پہ لگانی ہے اور ان دونوں فارم کی کاپیاں بھی ہر ایک پولنگ ایجنٹس / الیکشن ایجنٹس کے امیدواروں کو دینی ہیں۔ جب ٹیمپر ایویڈنٹ بیگ کو سیل کر لینا ہے تو اس پر لکھا ہوا کوڈ پولنگ ایجنٹوں کو نوٹ کروانا ہے۔ سٹاف کی رقم کی ادائیگی کا فارم بھی ریٹرننگ آفیسر کو جمع کرانا ہے۔ پریذائیڈنگ آفیسرز صاحبان نے APO's صاحبان کو جو سرکاری نمبرز والی مہریں دینی ہیں تو انکا کوڈ نمبر اپنے پاس درج کر لینا ہے کہ کس APO صاحب کو کونسی مہر جاری کی ہے۔ اس بار عملے کے سٹاف میں سے جو کوئی بھی اپنی ڈیوٹی سے غفلت کرے گا۔ اسی کو سزا دی جائیگی۔ یاد رکھیں کہ سٹیشن پہ 100 میٹر کے دائرہ میں کسی قسم کا غیر ضروری اشتہار نہ ہو۔ پولنگ اسٹیشن کے قیام کو اس طرح سے یقینی بنائیں۔ محمد رمضان چھینہ منکیرہ




NTS SSE.SESE.ESE TEACHERS INFO & HELP DESK

# Post-1 الیکشن ڈیوٹی کرنے والے اساتذہ کرام کے لیے معلومات

NTS SSE.SESE.ESE TEACHERS INFO & HELP DESK

پریذائیڈنگ آفیسرز الیکشن سے ایک دن پہلے سامان کی وصولی کریں گے اور فارم نمبر 36 جمع کرائیں گے۔اس فارم میں انتخابی حلقہ کا نام و نمبر، پولنگ اسٹیشن کا نمبر و نام، اسی پولنگ سٹیشن پہ مرد، خواتین اور کل ووٹ کی تعداد، اسی طرح بوتھ کی تعداد بھی لکھنی ہے، قومی و صوبائی اسمبلی کے بیلٹ پیپروں کی تعداد، کتابوں کی کل تعداد، بیلٹ پیپرز اور کتابوں کا سلسلہ نمبر لکھنا، سرکاری کوڈ والی مہروں کی تعداد اور 2 مہریں اضافی درج کرنی ہیں، تمام مہروں کے کوڈ درج کرنا، بیلٹ پیپرز پہ نشان لگانے والی مہریں کی تعداد اور اضافی 2 مہریں لکھنا، براسیل کا سلسلہ نمبر، انمٹ سیاہی بوتلیں اور 2 اضافی بوتلیں لکھنا، بیلٹ باکس کے لیے سیلیوں کی تعداد، سٹیمپ پیڈ اور 2 اضافی پیڈ لکھنا، سٹیشنری پیک کی تعداد لکھنا ہے۔2 اضافی چیزوں کا جہاں بھی ذکر ہے۔اس سے مراد ہے کہ فی پولنگ سٹیشن کے لیے دی گئی تعداد سے 2 چیزیں اضافی لینی ہیں تاکہ ضرورت پڑنے پہ کسی قسم کے مسئلہ کا سامنا نہ کرنا پڑے۔الیکشن میٹریل کی فہرست پوسٹ نمبر 2 میں دیکھیں۔شکریہ

پریذائیڈنگ آفیسرز الیکشن کے ایک رات پہلے اپنے سٹاف کو معاوضہ جات کے لیے اپنے سٹاف کے نام لکھ لیں۔اس فارم پہ نمبر شمار، نام، عہدہ (پریذائیڈنگ، PO.APO)، معاوضہ کی رقم، دستخط اور ڈاک ٹکٹیں لگانی ہیں۔یاد رہے کہ پریذائیڈنگ آفیسرز کا معاوضہ 6000 روپے، APO کا معاوضہ 4500 روپے، PO کا معاوضہ 3000 روپے، کلاس فور کا معاوضہ 2000 روپے ہے۔

سٹاف کے معاوضہ جات کا فارم نمونے کے طور پہ ساتھ دیا جا رہا ہے۔شکریہ !!!محمد رمضان چھینہ منکیرہ ضلع بھکر

| Sr. No | Name of polling Personnel | Designation (Presiding Officer, APO and PO) | Amount Paid | Signature | Revenue Stamp |
|---|---|---|---|---|---|